22866 ـ مور کا گوشت کھانے کا حکم

سوال

کیا اگر مور شریعت اسلامیہ کے طریقہ پر ذبح کیا گیا ہو تو اس کا گوشت کھانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مور کا گوشت کھانا جائز ہے؛ کیونکہ اس میں اصل حلت ہے؛ اس لیے کہ اللہ عز وجل کا فرمان ہے:

وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کی تمام چیزوں کو پیدا کیا... البقرۃ (29).

اور پھر یہ احادیث میں ممنوعہ جانوروں میں بھی شامل نہیں:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر کچلی والے وحشی جانور اور ہر پنجے والے پرندے سے منع فرمایا "

صحیح مسلم حدیث نمبر (358).

اور پھر اس میں کوئی نقصان اور ضرر بھی نہیں، اس لیے اس کا کھانا جائز ہے.